## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی راولاکوٹ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش حملے کی شدید مذمت

لندن۔۔۔16،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزادکشمیر کےضلع راولاکوٹ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرداوران کے سرپرست ملک میں معاشی،تعلیمی اور سیاسی عدم استحکام چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گرد ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں جوملک کوکمزور کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان دہشت گرد ملک میں دہشت گردی اورخودکش حملوں سے مسلح افواج کے حوصلے پست نہیں کرسکتے،پاکستان کے مسلح افواج،سیکورٹی فورسز کے جوان بہادری سے دہشت گردوں کا ڈٹ کرنہ صرف مقابلہ کررہے ہیں بلکہ انہیں پسپا بھی کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آزادکشمیر کےضلع راولاکوٹ میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر خودکش حملے کا نوٹس لیا جائے اوردہشت گردوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی جائے تاکہ ملک وقوم کومزید تباہی سے بچایا جاسکے۔جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعائیں کی۔

## جماعت اسلامی اسلام کے نام پرایک بدنماداغ اورایک فتنہ پرست جماعت ہے جس کی تمام ترسیاست شرانگیزی اورفتنہ پروری سے عبارت ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## جماعت اسلامی کے پاس تین مرتبہ کراچی کی میئرشپ رہی مگرکئی برسوں تک شہرپربلاشرکت غیرے حکمرانی کرنے کے باوجوداس نے محض شاباش کے بینرلگانے کےسواشہرکی کوئی خدمت نہیں کی

## جماعت اسلامی بم دھماکے کے متاثرین سےاور بولٹن مارکیٹ کے دکانداروں کی دادرسی کرنے کے بجائے متاثرین کی امداداور بحالی میں مصروف ایم کیوایم اورسٹی گورنمنٹ کوہی الٹاتنقید کانشانہ بنانے اورزہریلے پروپیگنڈوں میں مصروف ہے

## طالبان کی جانب سے یوم عاشور پرہونے والے دھماکے کی ذمہ داری قبول کرنے کے باوجود جماعت اسلامی کی جانب سےاس واقعہ کاالزام بیرونی قوتوں پرعائدکرناانسانیت دشمن دہشت گردوں کی کھلی سرپرستی کرنے کاایک اورثبوت ہے

## جماعت اسلامی کی جانب سےسانحہ بولٹن مارکیٹ کے حوالے سےایم کیوایم اورسٹی گورنمنٹ پرشرانگیزالزامات قابل مذمت ہیں

کراچی۔۔۔16/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کی جانب سے سانحہ بولٹن مارکیٹ کے حوالے سے ایم کیوایم اورکراچی کی حق پرست سٹی گورنمنٹ پرشرانگیزالزامات عائدکرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اسلام کے نام پرایک بدنماداغ اورایک فتنہ پرست جماعت ہےجسکی تمام ترسیاست شرانگیزی اورفتنہ پروری سےعبارت ہے۔اپنے ایک بیان میں حق پرست ارکان اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے پاس تین مرتبہ کراچی کی میئرشپ رہی مگرکئی برسوں تک شہرپربلاشرکت غیرے حکمرانی کرنے کے باوجوداس نے محض شاباش کے بینرلگانے کےسواشہرکی کوئی خدمت نہیں کی ایم کیوایم کےسٹی ناظم نے بڑے پیمانے پرترقیاتی کام کرکےمحض چارسال میں کراچی کا نقشہ تبدیل کردیا ہےاورآج پوری دنیامیں ایم کیوایم اورسٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کی تعریفیں کی جارہی ہیں توجماعت اسلامی کی نیندیں حرام ہوچکی ہیں اوروہ شہری حکومت پررات دن بیجاتنقیدکرنے اوربےسروپاالزامات لگانے میں مصروف ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کویوم عاشور پربم دھماکے کےمتاثرین سےتعزیت کرنے اوربولٹن مارکیٹ کے دکانداروں کےزخموں پرمرہم رکھنے کی توفیق نہیں ہوئی لیکن وہ ایم کیوایم اورحق پرست سٹی گورنمنٹ کی دشمنی میں اسقدراندھی ہوچکی ہے کہ وہ متاثرین کی دادرسی کرنے کے بجائے متاثرین کی امداداور بحالی میں مصروف ایم کیوایم اورسٹی گورنمنٹ کوہی الٹاتنقیدکانشانہ بنانے اورمنفی اورزہریلے پروپیگنڈوں میں مصروف ہے ۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے پاس اب کچھ نہیں ملاہےتو وہ سٹی گورنمنٹ کے کمانڈاینڈکنٹرول سسٹم کوتنقیدکانشانہ بنارہی ہے۔اسکی اصل وجہ یہ ہے کہ ان کیمروں کی مددسےشرپسندوں کوبےنقاب کرنے میں مددمل رہی ہےجنکی ہمیشہ جماعت اسلامی سرپرستی اورمعاونت کرتی رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کےتمام ذی شعورعوام جماعت اسلامی کی کالی کرتوتوں سے واقف ہے جماعت اسلامی خودکش حملوں کی حمامی جماعت ہےجسکے رہنماؤں کے گھروں سےالقاعدہ کےاہم دہشت گردگرفتارہوتے رہیں ہیں جبکہ جی ایچ کیو پرحملے میں جماعت اسلامی کے تھنڈرا سکواڈ کے دہشت گردملوث پائے گئے ہیں۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ طالبان کی جانب سے یوم عاشورپرہونے

والے دھماکے کی ذمہ داری قبول کرنے کے باوجود جماعت اسلامی کی جانب سے اس واقعہ کاالزام بیرونی قوتوں پر عائد کرنا انسانیت دشمن دہشت گردوں کی کھلی سرپرستی کرنے کا ایک اور ثبوت ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کو سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران نے شرکت کی

کراچی۔۔۔16، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کو کورنگی نمبر 1 کے قبرستان میں ہزاروں سوگواران کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ محمدی مسجد فیڈرل بی ایریا نزد مکا چورنگی میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائمخانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، سلیم تاجک، کیف الوریٰ، توصف خانزادہ، حق پرست وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ونائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین، نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، کراچی مختلف سیکٹر ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن آنسہ ممتاز انوار اور شعبہ خواتین کی انچارج ورکن قومی اسمبلی کشور زہرہ اور سینٹرل کمیٹی کی اراکین نے جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر مرحومہ سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ علاوہ ازیں اقبال جہاں بیگم مرحومہ کی فاتحہ سوئم بروز اتوار بعد نماز ظہر محمدی مسجد فیڈرل بی ایریا نزد مکا چورنگی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام مرحومہ کی رہائش گاہ واقع فیڈرل بی ایریا مکان نمبر R-451 بلاک 8 عزیز آباد میں ہوگا۔

## اے پی ایم ایس او ہراول دستے کا کردار ادا کررہی ہے، وسیم آفتاب

## اے پی ایم ایس او حالات کا مقابلہ کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر تیار ہیں، جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کمیٹی میں سندھ اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے 7 نئے اراکین کا اضافہ

کراچی۔۔۔16 جنوری 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی 9 رکنی مرکزی کمیٹی میں مزید 7 نئے اراکین کا اضافہ کردیا گیا ہے نئے اراکین میں سندھ اور پنجاب سے ذمہ داران شامل ہیں نئے ذمہ داران کا اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے ہفتے کو لال قلعہ گراؤنڈ میں اے پی ایم ایس او کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے دوران کیا اور نئے ذمہ داران کو اپنی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد بھی پیش کی۔ سندھ اور پنجاب کی سطح پر اے پی ایم ایس او کے نئے ذمہ داران میں فرحان شمس، سید فرقان علی، محمد توصیف اعجاز، اسریٰ طفیل، جبکہ مظفرگڑھ سے محمد عمران خان گاڈی، لاہور سے تصور مشتاق بٹ اور سکھر سے کاشف علی جاگیرانی شامل ہیں جبکہ چیئرمین وحیدالزماں، سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد خان، وائس چیئرپرسن عالیہ خان، سکریٹری جنرل نعمان علی، جوائنٹ سکریٹری عمران معین، جوائنٹ سکریٹری ارشاد احمد، جوائنٹ سکریٹری آسیہ زبیری، سکریٹری اطلاعات سید منہاج الابراہیم، فنانس سکریٹری دانش احمد کے عہدے برقرار ہیں۔ اپنے خطاب میں وسیم آفتاب نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کا مقصد ملک بھر میں اے پی ایم ایس او کے بنیادی ڈھانچے کے فعال ومتحرک کرنا ہے تاکہ ملک بھر کے مظلوم وحقوق سے محروم طلبہ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم تلے متحد ہوسکیں اور تحریک کے پیغام کو موثر انداز میں ملک بھر کے طلبہ تک پہنچا سکیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او تحریک کی بنیاد تصور کی جاتی ہے جو ایم کیوایم کو نہ صرف نظریاتی کارکن اور افرادی قوت فراہم کرتی ہے بلکہ ایسے لوگ بھی مہیا کرتی ہے کہ جو ہر لحاظ سے ذہنی وجسمانی طور پر ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں، انقلاب لانے کے لیے ہمیں اپنے اندر بہت سی تبدیلیاں لانی ہوں گی۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنا احتساب کریں اور اپنے اندر موجود خامیوں کو دور کرکے تحریک کے سفر کو تیزی سے آگے کی جانب لے جانے میں ہراول دستے کا کردار ادا کریں۔ چیئرمین آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن سید وحیدالزماں نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او نے اپنے قیام سے لے کر اب تک ایسی روایات اور فکر وفلسفے کو فروغ دیا جسے نہ صرف سندھ کے شہری علاقوں میں پزیرائی ملی بلکہ آج اے پی ایم ایس او کا پیغام ملک بھر خصوصاً گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بھی تیزی سے پھیل رہا ہے، اس کامیابی کا تمام تر سہرا قائد تحریک الطاف حسین بھائی کے سر ہے جنھوں نے اپنا مستقبل داؤ پر لگا کر اس تحریک کو اس مقام تک پہنچایا

تحریک کے اس سفر میں بے شمار ساتھیوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے، جلاوطنی اور اسیری کی کربناک زندگی کو گلے لگایا مگر اپنے مشن ومقصد سے پیچھے نہیں ہٹے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایس او بنیاد ہے اور ہمیں قائد تحریک کے فکر وفلسفے پر من وعن عمل کر کے اس بنیاد کو مضبوط ومستحکم کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کا پیغام نہ صرف سندھ، پنجاب، بلوچستان، سرحد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان تک بلکہ پوری دنیا میں پھیل گیا ہے اور اس کے پیچھے قائد تحریک کی دن رات کی محنت اور شہداء کی لازوال قربانیاں شامل ہیں ۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے وائس چیئرمین ندیم احمد خان نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کو یہ نمایاں اعزاز حاصل ہے کہ اس کے بطن سے ایک ایسی سیاسی تحریک نے جنم لیا جس نے مظلوم ومحکوم قوم کو اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے کا شعور دیا۔سیکریٹری جنرل آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نعمان علی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام تمام لوگوں تک پہنچانا ہے، ایم کیو ایم وہ واحد تحریک ہے جو کہ پاکستان کے عوام کے لیے مشعل کی حیثیت رکھتی ہے اور یہ واحد قوت ہے جو کہ انقلاب لانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

## سلیم شہزاد کی ہمشیرہ اور ایم کیو ایم مانٹریال یونٹ کے کارکن پرویز اقبال کی اہلیہ محترمہ غزالہ افضل کی شدید علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔16 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی ہمشیرہ اور ایم کیو ایم مانٹریال یونٹ کے کارکن پرویز اقبال کی اہلیہ محترمہ غزالہ افضل کی شدید علالت پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ غزالہ افضل کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان محمد اسلم اور سید جاوید علی کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔16، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم میر پور خاص زون کے کارکن محمد اسلم اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ B-135 کے کارکن سید جاوید علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیو ایم کے کارکنان محمد اسلم اور سید جاوید علی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن محمد یونس کے والد محمد ایوب، ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن صالحین کی والدہ سلمہ بیگم، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن نفیس کے والد علی محمد، ایم کیو ایم رنچھولائن سیکٹر یوسی 5- UC کے یونٹ انچارج سید مبشر حسین نقوی کے والد ناصر حسین نقوی ، ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ گھنڈن کے کارکن استاد ڈارھون تالپور کے صاحبزادے شاہد علی تالپور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین کی خالہ زاد بہن کے انتقال پر ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔16، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆